# Maulana Azad National Urdu University

## B.A III Semester Examination - December - 2019

## BAHS301CCT- History of India (8th Century to 14th Century)

**Time : 3 hrs** **Marks : 70**

**ہدایات:**

یہ پرچہ سوالات تین حصوں پر مشتمل ہے: حصہ اول، حصہ دوم، حصہ سوم۔ ہر جواب کے لئے لفظوں کی تعداد اشارۃً ہے۔ تمام حصوں سے سوالوں کا جواب دینا لازمی ہے۔

1. حصہ اول میں 10 لازمی سوالات ہیں جو کہ معروضی سوالات/ خالی جگہ پُر کرنا/مختصر جواب والے سوالات ہیں۔ ہر سوال کا جواب لازمی ہے۔ ہر سوال کے لیے 1 نمبر مختص ہے۔ **(10 x 1 = 10 Marks)**
2. حصہ دوم میں آٹھ سوالات ہیں۔اس میں سے طالب علم کو کوئی پانچ سوالوں کے جواب دینے ہیں۔ ہر سوال کا جواب تقریباً دوسو (200) لفظوں پر مشتمل ہے۔ ہر سوال کے لیے 6 نمبرات مختص ہیں۔ **(5 x 6 = 30 Marks)**
3. حصہ سوم میں پانچ سوالات ہیں۔اس میں سے طالب علم کو کوئی تین سوالوں کے جواب دینے ہیں۔ ہر سوال کا جواب تقریباً پانچ سو(500) لفظوں پر مشتمل ہے۔ ہر سوال کے لیے10 نمبرات مختص ہیں۔ **(3 x 10 = 30 Marks)**

---

## حصہ اول

**سوال نمبر : 1**

(i) راشٹرکوٹ خاندان کی بنیاد کس نے ڈالی؟

(ii) پرتھوی راج راسو کے مصنف کون ہیں؟

(iii) سندھ پر عرب حملہ کے بارے میں جانکاری کا بنیادی ماخذ کیا ہے؟

(iv) کتاب الہند کے مصنف کا نام تحریر کیجیے اور یہ بتایئے کہ وہ کس سلطان کے ہمراہ ہندوستان آئے؟

(v) دہلی کے کس سلطان نے خود کو سکندر ثانی کہلوایا، اور فوج کے لیے داغ اور چہرہ کا اندراج لازمی قرار دیا؟

(vi) ضیاء الدین برنی دہلی کے کس سلطان کے ندیم تھے اور ان کی تاریخی تصنیف کا نام کیا ہے؟

(vii) ٹنکہ اور جیتل سے آپ کیا سمجھتے ہیں؟ اور علامتی سکہ دہلی کے کس سلطان نہ جاری کیا؟

(viii) سگن اور نرگن بھکتی کا مطلب بتایئے۔

(ix) خیر المجالس کس صوفی کی ملفوظات ہے اور وہ کس صوفیانہ سلسلہ سے تعلق رکھتے تھے؟

(x) دیوان عرض اور دیوان کوہی کے کیا فرائض تھے؟

## حصہ دوم

(2) سندھ پر عرب حملے کے وجوہات کا جائزہ لیجیے۔

(3) ابتدائی عہد وسطیٰ کے ہندوستانی سماج پر ایک نوٹ لکھیے۔

(4) قوت الاسلام مسجد اور قطب مینار کی تعمیر پر روشنی ڈالیے۔

(5) سلطان التمش کے عہد میں منگولوں کے پہلے حملے کا سبب بیان کیجیے۔

(6) مدد معاش سے آپ کیا سمجھتے ہیں اور یہ کن لوگوں کو دی جاتی تھی؟

(7) اقطاع نظام کے بارے میں آپ کیا جانتے ہیں؟ بیان کیجیے۔

(8) کبیر داس کے حالات زندگی پر ایک مختصر نوٹ لکھیے۔

(9) وجے نگر اور بہمنی سلطنت کے قیام پر روشنی ڈالیے۔

## حصہ سوم

(10) صرف تکنیکی برتری ترکوں کی کامیابی کا واحد سبب نہیں تھی؟

(11) علاء الدین خلجی کی زرعی اصلاحات اور قیمتوں پر کنٹرول کی پالیسی کے بارے میں وضاحت کرتے ہوئے اس کی ضرورت اور اہمیت کا جائزہ لیجیے۔

(12) دہلی سلطنت کے تحت مرکزی اور صوبائی نظم و نسق پر روشنی ڈالیے۔

(13) صوفی نظام الدین اولیاؒ کی حیات و خدمات پر ایک مضمون قلم بند کیجیے۔

(14) فیروز شاہ تغلق کی تعمیری سرگرمیوں کا تفصیلی جائزہ لیجیے۔

☆☆☆